سوال

(400)جمعہ کی نماز جماعت سے نہ پڑھ سکے تو کیا وہ اکیلا جمعہ الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کوئی آدمی جمعہ کی نماز جماعت سے نہ پڑھ سکے تو کیا وہ اکیلا جمعہ کی نماز پڑھے گا یا ظہر کی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں ظہر کی نماز ادا کی جائے گی ، اگر اس صورت میں جمعہ ہی پڑھے تو جمعہ نہ پڑھ سکنے کا کیا معنی ؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ''جس نے ایک رکعت پالی ، اس نے نماز پالی ۔'' تو اس کا تقاضا ہے کہ کم از کم ایک رکعت امام کے ساتھ پڑھ لے ، تو نمازِ جمعہ ورنہ نمازِ جمعہ نہیں اور معلوم ہے ہر دن رات میں پانچ نمازیں ہیں ، جب پانچویں نماز جمعہ نہ بن سکی تو ظہر ہی پانچویں ہوگی ۔ واللہ اعلم ۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 341

محدث فتویٰ